ایمان و یقین اور تشفی [illegible] عام کرنے کا جذبہ ان میں پیدا ہو جائے۔

حضرت مولانا رحمہ اللہ [illegible] دینی خدمت سے [illegible] صاحب ایمان و یقین اور صاحب تقویٰ تھے۔ ان کی تقاریر و بیانات میں سوز و ساز و درد و داغ و جستجو و آرزو [illegible] کی بات [illegible] ہوتی تھی۔ اور اس ایک بات کو وہ کس کس پہلو سے کس کس ادا سے بیان فرماتے کہ ان کا لفظ لفظ سننے والوں کے دلوں میں ترازو ہو جاتا۔ سیرت رسول ﷺ اور اسوہ صحابہ رضی اللہ عنہم کی روشنی میں دعوت کی فکر اور تبلیغ کے کام کو عام کرنا بہت بڑا کام ہے۔ اس کام کے لئے حضرت مولانا ایسے اہل عزیمت اور اصحاب توفیق ہی کی ضرورت ہوا کرتی ہے۔ جو خوب جانتے ہیں کہ۔

ساماں کی محبت میں مضمر ہے تن آسانی
مقصد ہے اگر منزل، غارت گر ساماں ہو

حضرت مولانا، تبلیغی سلسلہ میں مصروف سفر تھے کہ ۲۲ مئی ۹۷ء کو مالک حقیقی کا بلاوا آ گیا اور..... ع

عمر بھر کی بے قراری کو قرار آ ہی گیا

مولانا عبدالوحید رائے پوری رحمہ اللہ:

قطب الارشاد حضرت شاہ عبدالقادر رائے پوری رحمتہ اللہ علیہ کے ہمشیر زادے مولانا عبدالوحید رائے پوری، ڈھڈیاں (ضلع سرگودھا) میں رحلت فرما گئے۔ وہ اپنے مرشد کے صحیح تربیت یافتہ انسان تھے۔ ان کے وجود سے مخلوقِ خدا کو بے پناہ دینی نفع ہوا وہ خانقاہِ رائے پور کے "مربی" تھے اور حضرت شاہ عبدالقادر قدس سرہ کی ان پر خاص توجہ اور شفقت تھی۔

معروف اہل حدیث عالم مولانا حکیم عبدالرحمن (بدوملی، ضلع سیالکوٹ) میں رحلت فرما گئے۔ حکیم صاحب نے کئی تصانیف یادگار چھوڑی ہیں۔ جن میں "حضرت امیر معاویہؓ (بجواب خلافت وملوکیت) یقیناً قابل ذکر اور لائق مطالعہ ہے۔

مجلس احرار اسلام احمد پور شرقیہ کے کارکن ڈاکٹر عبدالحفیظ ہاشمی کی والدہ ماجدہ گزشتہ دنوں رحلت کر گئیں۔

چیچا وطنی سے ہمارے کرم فرما محترم عبدالرزاق ڈوگر صاحب کی اہلیہ اور عزیز محمد عابد سلمہ کی والدہ ماجدہ گزشتہ ماہ انتقال کر گئیں۔

مجلس احرار اسلام لیاقت پور کے صدر محترم قاری ظہور الرحیم صاحب کی پھوپھی صاحبہ گزشتہ دنوں ملتان میں رحلت کر گئیں۔

ملتان سے ہمارے کرم فرما جناب محمد شاکر صاحب ۱۲ مئی کو طویل علالت کے بعد انتقال کر گئے۔ وہ گورنمنٹ ملت کالج ملتان کے شعبہ عربی کے استاذ پروفیسر صدیق شاکر اور محمد ناصر صاحب کے والد تھے۔ اور حضرت امیر شریعت رحمتہ اللہ علیہ کے دیرینہ معتقد تھے۔

مجلس احرار اسلام فیصل آباد کے قدیم کارکن سالار محمد صدیق صاحب کے فرزند محمد رمضان گزشتہ ماہ انتقال کر گئے۔

مجلس احرار اسلام کے مرحوم کارکن صوفی رشید احمد ہشیار پوری مرحوم کی بیوہ اور جناب محمد صدیق کی والدہ ۲۱ مئی کو ملتان میں انتقال کر گئیں۔